شام کے دلفریب نظارے، ساون کی اودی اودی گھٹائیں، کوئل اور پپیہے کے دردناک نغمے بھی یاد رکھئے گا اور صفحہ دل پر ان کی تصویریں بنائے رکھئے گا۔ (خط نمبر ۱)

کتاب کی قیمت اور ملنے کا پتا درج کرکے بات ختم کرتا ہوں۔ لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم۔قیمت چار روپے پچاس پیسے۔ ملنے کا پتا ۔ دائرۂ حمیدیہ، مدرسة الاصلاح، سرائے میر اعظم گڑھ یو پی، انڈیا۔

(شرف الدین اصلاحی)

نام کتاب	-	اسلامی مذاہب
مصنف	-	شیخ محمد ابو زہرہ مصری
مترجم	-	پروفیسر غلام احمد حریری ایم اے
قیمت	-	۲۴ روپے
ناشر	-	ملک سنز ۔ کارخانہ بازار ۔ فیصل آباد

یہ کتاب عالم اسلام کے معروف فقیہ شیخ محمد ابو زہرہ پروفیسر لاء کالج جامعہ الازہر مصر کی تصنیف "المذاهب الاسلامية" کا رواں اور شگفتہ اردو ترجمہ ہے۔ شیخ ابو زہرہ اپنے تبحر علمی کے باعث پوری دنیائے اسلام میں معروف ھیں۔ انہوں نے اسلام پر متعدد کتابیں لکھی ھیں۔ پاکستان میں بھی ان کی بیشتر تصانیف کے اردو تراجم شائع ہو کر مقبول ہو چکے ھیں۔ کتاب کے مترجم پروفیسر غلام احمد حریری بھی اپنے علم و فضل، اور علوم دینی پر متعدد کتابوں کے تراجم کی وجہ سے مشہور ھیں۔

شیخ ابو زہرہ نے یہ کتاب مصر کی وزارت تعلیم کی فرمائش پر تحریر کی تھی۔ لیکن یہ وھیں تک محدود نہ رھی، بلکہ پورے عالم اسلام میں مقبول ہو گئی۔ تصنیف ھذا در اصل امور دین میں امت مسلمہ کے اختلافات کی

تاریخ ہے۔ اس میں ان عوامل کا بھی جائزہ لیا گیا ہے جو اختلافات کے پس منظر میں کار فرما تھے۔ اور ان فرقوں کا بھی ذکر ہے جو اختلافات کے گرداب میں پھنس کر مرکز سے دور ہوتے ہوتے دائرہ اسلام ہی سے خارج ہو گئے۔

یہ کتاب معلومات کا بیش بہا خزانہ ہے۔ جس سے اردو دان طبقہ خصوصاً تعلیم و تاریخ اور تحقیق کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے اہل علم استفادہ کر سکتے ہیں۔ دینی مدارس، اسکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں نیز تحقیقی اداروں کے کتب خانوں میں اس کتاب کی موجودگی مفید ہوگی۔

اللہ تعالی ناشرین کو جزائے خیر عطا فرمائے جن کی انتھک محنت کے نتیجے میں یہ کتاب شائع ہوئی ہے۔ اور جنہوں نے تشنگان علم کو سیراب کرنے کی سعی جمیل کی ہے۔

(حافظ محمد یونس)

****